جب کہ کتاب کا تیسرا حصہ اس سلسلہ میں تیار حوالہ کا کام دیتا ہے۔ اور مصنف نے اس میں سن ۱ھ (مطابق ۶۲۲ء) تا ۱۶۸۰ھ (مطابق ۲۲۵۲ء) یعنی ۱۶۸۰ سال کی تقابلی تقویم کا نقشہ ترتیب دیا ہے، جس میں تمام انگریزی و عربی سنین کے ہر ماہ کا دن اور انگریزی و عربی تاریخ درج کی گئی ہے۔ یہ نقشہ کتاب کے ۱۱۲ صفحات کو محیط ہے ــــ کتاب کے آخر میں اسلام اور مسلمانوں کی تاریخ سے متعلق اہم واقعات کے ہجری اور عیسوی سنین، بقیدِ ماہ و سال درج کیے گئے ہیں ــــ کتاب ہر لحاظ سے افادیت کی حامل ہے اور مصنف کی ذہانت و علمیت و مہارت کا منہ بولتا ثبوت ــــ اللّٰھمّ زد فزد! ــــ دعا ہے، اللہ تعالیٰ مولانا کو خدمتِ دینِ حقہ کی مزید توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین!

(۲)

نام کتاب : آدابِ حج۔

مؤلف : مولانا سعید مجتبیٰ السّعیدی (فاضل مدینہ یونیورسٹی)

ضخامت : تقریباً ڈیڑھ سو صفحات، جیبی سائز۔

ملنے کا پتہ : لجنۃ القارۃ الھندیۃ جمعیۃ احیاء التّراث الاسلامی ص ب ۵۵۸۵، الصفات ۱۲۰۵۶۔ الکویت۔

مولانا سعید مجتبیٰ سعیدی ایک جواں سال، ذہین، عالم باعمل شخصیت ہیں۔ مدینہ یونیورسٹی سے فراغت کے بعد جامعہ رحمانیہ لاہور میں ایک مدت تک تدریس کے فرائض سرانجام دیتے رہے، یہیں سے ایم۔اے کا امتحان پاس کیا۔ آج کل آپ منکیرہ (بھکر) میں گورنمنٹ کمرشل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے شعبہ اسلامیات کے پرنسپل ہیں۔ جماعتی جرائد و رسائل میں آپ کے مضامین و فتاویٰ اکثر و بیشتر شائع ہوتے رہتے ہیں۔ حج کے موضوع پر چھوٹی بڑی بے شمار کتابیں لکھی گئی ہیں، اور عربی زبان کے علاوہ اردو میں بھی مصنفین و مرتبین نے حج کا طریقہ اور اس کے احکام و مسائل بڑی محنت سے لکھے اور جمع کیے ہیں۔ مولانا سعیدی صاحب چونکہ ایک معقول مدت تک سعودی عرب میں مقیم رہے، اور فریضۂ حج ادا کرتے رہے، اس دوران ان کے مشاہدہ میں یہ بات آئی کہ حج کے موضوع پر لکھی گئی اکثر و بیشتر کتابیں پڑھے لکھے حضرات کے لیے تو مفید ہیں، لیکن ایک عام آدمی کو ان سے خاطر خواہ راہنمائی نہیں ملتی، اور کتابیں پاس موجود ہونے کے باوجود بہت سے حجاج کرام پریشانی کا شکار رہے۔ لہٰذا انہوں نے ضرورت محسوس کی کہ طوالت سے